LANGUAGE - URDU - MODEL PAPER

Time Allowed: 2.30 Hours | Set - 2 | Maximum Marks : 90

## حصہ الف
(نثراور نظم)

I. ذیل کے صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنے جوابی پرچے پر لکھئے:۔ 6 x 1 = 6

1) روٹیاں نظم کس قسم کی نظم ہے۔

(الف) مثلث (ب) رباعی (ج) مخمس (د) مسدس

2) مدوجزر اسلام مشہور نظم

(الف) حالی کی (ب) حماد کی (ج) ذوق کی (د) جوش کی

3) شبلی نعمانی کس سن میں پیدا ہوئے

(الف) 1850 ء (ب) 1857ء (ج) 1860ء (د) 1801ء

4) چار پانچ سو سال پہلے ______________ میں طاعون پھیلا۔

(الف) لندن (ب) ہندوستان (ج) امریکا (د) چین

5) حضرت بی بی خدیجہؓ کے بطن سے اللہ تعالی نے حضورگو ______________ لڑکے لڑکیاں عطا کی۔

(الف) پانچ (ب) چھ (ج) چار (د) نو

6) آئین کے نفاذ کے لئے ______________ کی تاریخ مقرر کی گئی۔

(الف) 26 جنوری 950 (ب) 26 جنوری 1947 (ج) 26 جنوری 1948 (د) 26 جنوری 1955

## حصہ (ب)
(Grammer - Non detailed - Composition & Translation)

(گرامر ، نانڈیٹیل، ترجمہ)

II. ذیل کے صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنے جوابی پرچے پر لکھئے:۔ 8 x 1 = 8

7) ”دریا بہتا ہے“ یہ کس صنعت کی مثال ہے۔

(الف) مجاز (ب) تضاد (ج) تلمیح (د) حف ونشر

8) ابوخان کو ______________ پالنے کا بہت شوق تھا

(الف) کتّے (ب) بکریاں (ج) گدھے (د) گائے

9) ______________ میں رہتے رہتے اسے جڑی بوٹیوں کی بھی شناخت ہوگئی تھی۔

(الف) باراروں (ب) باغوں (ج) عمارتوں (د) سڑکوں

10) تضاد کی مثال کونسی ہے۔

(الف) ہنسنا رونا (ب) مارنا پیٹنا (ج) دوڑنا کودنا (د) کھیلنا بھاگنا

11) ’’دھوپ چھاؤں ‘‘ افسانہ نگار کا نام لکھئے

(الف) علامہ اقبال (ب) امیر النساء (ج) ڈاکٹر عظیم کریوی (د) عابد صفی

12) شعر میں حسن اور زور پیدا کرنے کا بھی خاص علم ہے اس علم کو __________

(الف) علم بدیع کہا جاتا ہے (ب) علم لدن کہا جاتا ہے (ج) علم وھبی کہا جاتا ہے (د) علم تشریح کہا جاتا ہے

13) ایک جلوہ تھا کلیم طور سینا کے لئے تو تجلی ہے سراپا چشم بینا کے لئے یہ شعر کس کی مثال ہے۔

(الف) تضاد (ب) تلمیح (ج) مراعات النظیر (د) حسن تعلیل

14) __________ کے لئے اچھے رشتوں کی کمی نہیں تھی۔

(الف) ترانہ (ب) عائشہ (ج) ملیحہ (د) شرف النساء

III. (الف) حصہ نظم : کسی تین سوالات کے جوابات لکھئے :۔ 3 x 2 = 6

15) ’’ مناظرۂ رحم وانصاف ‘‘ اس نظم میں تین اہم کردار کون کونسے ہیں؟

16) اقبال کو کس حکومت نے ’ سر ‘ کا خطاب دیا؟

17) ’’ خدا کی نعمتیں ‘‘ نظم کا چوتھا بند قرآن کی کس سورۃ کا ترجمان ہے ؟

18) کمال مدراسی کا تعلق کہاں سے ہے ان کی کتابوں کے نام لکھئے؟

(ب) حصہ نثر: کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے :۔ 2 x 2 = 4

19) دنیا کے دو بڑے میوزیم کہاں کہاں بنائے گئے؟

20) انسان کی پہلی ایجاد کیا تھی ؟

21) ورقہ بن نوفل کون تھے؟

IV. کسی سات سوالات کے جوابات مختصر طور پر لکھئے :۔ 7 x 2 = 14

22) صحیح اردو میں لکھئے :

(الف) جانکّو

(ب) کیکو جاتیں سو

23) املا درست کیجئے :

(الف) مرذا کے اقلاخ نہایت وسی تھے

(ب) اذّط انسان کا ایک قیال ہے

24) الفاظ کی الٹ پھیر کو درست کیجئے :

(الف) خیالی چیز عزت ایک ہے

(ب) سرائے فانی عبرت جائے ہے

25) ’’ ملائک ‘‘ -- ’’ آشیانہ ‘‘ کے معنی لکھیے

(الف) وہ سجدہ گاہِ ملائک وہ جلوہ گاہِ جمال

(ب) آج اس جا ہے آشیانۂ بوم

26) مختصر جواب لکھیے:

(الف) کیا نام دیو مالی صاف ستھرا تھا؟

(ب) نام دیو کس مزاج کا آدمی تھا؟

27) ان سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:

(الف) کیا ترانہ ماں باپ کے خلاف جا سکتی ہے ؟

(ب) ترانہ کی شادی کس سے ہونے والی تھی؟

28) ذیل کے سوالات کے جوابات دیجیے:

(الف) ’’ نامدیو مالی ‘‘ کے افسانہ نگار کا نام لکھیے؟

(ب) ثریا کی تعلیم کس کالج میں ہوئی ؟

29) ذیل کے جملوں کو فعل ماضی میں تبدیل کیجیے

(الف) علیم بازار جا رہا ہے

(ب) رحیم کھائے گا

30) ذیل کے سوالات کے جوابات لکھیے:

(الف) کیا فقیر کو مانگنے کا طریقہ آتا تھا؟

(ب) خانم نے فقیر کا نام سن کر جلدی جلدی کیا کیا؟

V. (الف) حصّہ نظم: کسی دو سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:۔ 2 x 4 = 8

31) خیال رخ اور تصویر گیسو شاعر کو کب آتا ہے؟

32) فاتحہ کو محتاج کون ہوئے؟

33) حضرت فاطمہؓ رسول خداؐ کے پاس کیوں گئی تھیں؟

VI. ذیل کے کسی تین سوالات کے جوابات لکھیے ہر جواب دس سطروں سے زیادہ نہ ہو۔ 3 x 4 = 12

34) ثریا نے اپنے محرومیوں کی داستان پرویز کو کیوں سنائی؟ ( یا )

ترانہ کی شادی کے لئے والدین نے کیا کیا؟

35) ذیل کے جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجیے:

(الف) A bad news travels fast

(ب) A bad work man blames his tools

(ج) A friends in need is a friends in deed

(د) All are equal after death

36) ذیل کے اشعار پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھئے:

شب وصل اپنی آنکھوں نے عجیب اندھیرا دیکھا ہے

نقاب ان کا الٹنا رات کا کافور ہو جانا

(الف) ''شب وصل'' شاعر نے کیا دیکھا؟

(ب) شاعر نے یہاں کس کے نقاب کی طرف توجہ دی ہے؟

(ج) یہ شعر کس کا ہے؟

(د) ''رات کا کافور ہو جانا'' سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

37) ذیل میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے

نام دیو کو کبھی ڈانٹنے کی ضرورت کیوں نہ ہوتی تھی؟ (یا)

کسی کتب فروش کے نام خط لکھ کر اپنی نصابی کتابیں منگوائیے۔

(ب) حصّہ نثر: کسی دو سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:۔ 2 x 6 = 12

38) عزت کے لئے کونسے فقرے ہماری بول چال میں مروّج ہیں؟

39) مرزا کا حافظہ کیسا تھا تفصیل سے لکھئے؟

40) حضرت خدیجہؓ نے حضورؐ کو نکاح کا پیغام کس کی معرفت بھیجا اور آپؐ کا نکاح کس نے پڑھوایا؟

VII. (الف) کسی دو سوالات کے جوابات قلم بند کیجئے: 2 x 6 = 12

41) شاعر نے خدا کی ذات وصفات کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے واضح کیجئے؟ (یا)

مرثیہ کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے ؟

42) مضمون '' عزت '' کا خلاصہ تحریر کیجئے ؟ (یا)

کمیسٹری کے میدان میں جراثیم کی دریافت سے کیا فائدے ہوئے؟

(ب) حصّہ نظم زبانی یادداشت کے سہارے نظم لکھئے 4 + 2 = 6

43) (الف) ماجرا صبح ..................(سے) لشکر میں اذاں (تک)

(ب) میر دریا ہے..................(سے) ثانی اس کی (تک)

VIII. ذیل کے سوال کا جواب تفصیلی طور پر لکھئے: 6 x 1 = 6

44) دلی میں ماں اور بیٹی کا استقبال کس طرح ہوا؟ (یا)

ابو خان کی بکریاں پہاڑ پر کیوں بھاگ جاتی تھیں۔